سوال

(448)چاند کی پہلی رات کو معتبر سمجھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شاہدرہ سے غلام اللہ سوال لکھتے ہیں کہ مندرجہ ذیل سوال کا جواب کتاب وسنت کی روشنی میں دیں ؟

(1)ہمارے ہاں انچندی منائی جاتی ہے یعنی چاند کے بعد پہلی یا دوسری جمعرات کو متبرک خیال کیا جاتا ہے اس کی شرعی حیثیت واضح کریں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبادت کےلیے اپنی طرف سے کسی دن کو خاص کرنا صحیح نہیں ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نےجمعہ کے دن خاص طور پر روزہ سے منع فرمایا ہے البتہ شریعت نے بعض ایام میں عبادت کرنے کی ترغیب ضروری ہے جیسا کہ سوموار اورجمعرات کا روزہ رکھنے کے متعلق حدیث میں آیا ہے کیوں کہ ان دنوں اللہ کے حضور اعمال پیش ہوتے ہیں لہذا مطلق طور پرجمعرات کی تخصیص جائز ہے لیکن چاند کی پہلی یا دوسری جمعرات کو متبرک خیال کرنا درست نہیں ہے بلکہ یہ جاہلانا باتیں ہیں

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:456